نامور عالم دین حضرت مولانا محمد اسحق گوہڑوی کا انتقال پُر ملال

مورخہ 21 فروری بروز جمعرات نامور عالم دین اور معروف مبلغ حضرت مولانا محمد اسحق گوہڑوی انتقال کر گئے۔انا للہ و انا الیہ راجعون. مولانا مرحوم کی وفات جماعت اور مسلک کیلئے بہت بڑا سانحہ ہے۔ مولانا مرحوم نے اپنی پوری زندگی اخلاص وایثار کے ساتھ کتاب وسنت کی دعوت وتبلیغ اور درس وتدریس کیلئے وقت کر رکھی تھی۔ رئیس الجامعہ نے مرحوم کے گھر جا کر ان کے صاحبزادے مولانا محمد ادریس گوہڑوی سے اظہار تعزیت کیا اور دُعا کی کہ اللہ مولانا مرحوم کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔آمین۔

حضرت مولانا قاری عبدالوکیل صدیقی کا سانحہ ارتحال

مورخہ یکم مارچ بروز جمعہ نامور عالم دین، عالم باعمل اور نائب امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان حضرت مولانا قاری عبدالوکیل صدیقی طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم کی وفات سے علمی میدان میں ایک بڑا خلا پیدا ہوا ہے۔ قاری عبدالوکیل صدیقی اپنوں اور بیگانوں سب میں یکساں مقبولیت کا درجہ رکھتے تھے۔آپ کافی عرصہ سے جگر اور شوگر جیسے موذی امراض کا شکار تھے۔شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان میں زیر علاج رہے۔شافی علاج نہ ہوسکنے پر جگر کے علاج کی خاطر دہلی (بھارت) جانے کی تیاریاں مکمل تھیں مگر وہی ہوا جو اللہ تعالیٰ کو منظور تھا۔قاری صاحب کی وصیت کے مطابق ان کے جسد خاکی کو ان کے آبائی گاؤں ہری پور ہزارہ لے جایا گیا جس کا انتظام ناظم اعلیٰ ڈاکٹر حافظ عبدالکریم نے کیا مرحوم کی پہلی نماز جنازہ ہری پور میں رات 10:15 بجے محقق العصر حضرت مولانا ارشاد الحق اثری نے پڑھائی جس میں کثیر تعداد میں علماء وطلبا نے شرکت کی۔ جہلم سے نماز جنازہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر، شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور مولانا قطب شاہ نے شرکت کی۔

ناظم اعلیٰ مرکزیہ پنجاب میاں محمود عباس کو صدمہ

مورخہ 3 مارچ بروز اتوار میاں محمود عباس ناظم اعلیٰ مرکزیہ پنجاب کے والد محترم میاں قطب دین مختصر علالت کے بعد وفات پا گئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون. مرحوم صوم وصلوۃ کے پابند، نیک طینت اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ پروفیسر عبدالستار حامد امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث پنجاب نے پڑھائی۔ جہلم سے رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے مرحوم کی نماز جنازہ میں شرکت کی اور تدفین کے بعد قبر پر دُعا کرائی۔